web:www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

روزنامہ

پرل ویو

راولاکوٹ

ایڈیٹر انچیف : شفقت ضیاء

Email:dailypearlview@gmail.com

جلد 10	جمعۃ المبارک 23 اگست 2024، 17 صفر 1446ھ، 10 بادوں 2081 ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ 176

جامعہ پونچھ شعبہ فزکس میں "مادے سے توانائی کا حصول" قومی سیمینار کا انعقاد

توانائی کی ایک شکل سے دوسری میں منتقلی اور جدید پیشرفت سے آگاہی طلبہ کیساتھ اساتذہ کیلئے بھی ضروری، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف

پروفیسر ڈاکٹر فیاض حسین، ڈاکٹر عدنان علی، ڈاکٹر عطاء اللہ شاہ، ڈاکٹر میاں عاکف سفین، ڈاکٹر یوسف اقبال اور دیگر کا اظہار خیال

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے شعبہ فزکس کے زیر اہتمام "مادے سے توانائی کا حصول" کے موضوع پر دو روزہ قومی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار سے "این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کراچی کے پروفیسر ڈاکٹر فیاض حسین، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد سے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر عدنان علی، نیشنل انسٹیٹیوٹ آف لیزر اینڈ اپٹرانکس (اسلام آباد) سے ڈاکٹر عطاء اللہ شاہ نے بطور ریسورس پرسن جبکہ رجسٹرار جامعہ پونچھ و ڈین (بقیہ 01 صفحہ 03)

راولاکوٹ، جامعہ پونچھ شعبہ فزکس میں سیمینار کے بعد رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈاکٹر فیاض حسین، ڈاکٹر عدنان علی، ڈاکٹر عطاء اللہ شاہ اور دیگر کا گروپ فوٹو

ویک سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کیا۔ شعبہ فزکس کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر یوسف اقبال نے نظامت کے فرائض سرانجام دیئے۔ ڈاکٹر عبدالرؤف نے کہا کہ ملک میں توانائی کا بحران کو حل کرنے کیلئے ہوا کو توانائی میں منتقل کرنا انتہائی اہم اور اس مقصد کیلئے کام کرنے والے شعبہ فزکس کے سائنسدانوں کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ موجودہ حالات میں ایسے موضوع پر سائنسدانوں کی تحقیق اور تجربات سے آگاہ ہونا طلبہ کیساتھ اساتذہ کیلئے بھی انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے سیمینار کے انعقاد پر چیئرمین شعبہ فزکس اور بالخصوص دیگر تمام فیکلٹی ممبران کی کاوشوں کو سراہا۔ سیمینار کے ٹیکنیکل سیشن میں ریسورس پرسنز نے پاکستان میں ہونیوالی تحقیق اور اس حاصل ہونیوالے نتائج سمیت طلبہ کو تحقیقی مسائل سمیت موضوع سے متعلق مختلف جہتوں سے آگاہ کیا۔ مقررین نے طلبہ کو توانائی کی ایک شکل سے دوسری شکل میں منتقلی پر کی جانیوالی تحقیق اور اس کے نتائج سے آگاہ کیا۔ مقررین نے کہا کہ دنیا میں توانائی کی طلب میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اس ضرورت کو پورا کرنے کی غرض سے توانائی کی شکل کو تبدیل کرنا ناگزیر ہے۔ مقررین نے توانائی کے موثر استعمال کے طریقہ کار سے بھی طلبہ کو آگاہ کیا۔ دریں اثناء چیئرمین شعبہ ڈاکٹر عاکف سلیمین اور ڈاکٹر یوسف اقبال نے سیمینار کے اغراض و مقاصد کے حوالے سے کہا کہ ملک بھر کے صف اول کے سکالرز کو جامعہ میں دعوت دینے کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ اپنے شعبے کے جدید تحقیقات سے آگاہی حاصل کر سکیں